


# تاریخ اور سیاسیات

## دسویں جماعت








आम्हा घरी धन... शब्दांचीच रत्ने!

पुस्तकांचं गाव



# بھارت کا آئین

## حصہ 4 الف

## بنیادی فرائض

**حصہ 51 الف**

**بنیادی فرائض – بھارت کے ہر شہری کا یہ فرض ہوگا کہ وہ...**

(الف) آئین پر کاربند رہے اور اس کے نصب العین اور اداروں، قومی پرچم اور قومی ترانے کا احترام کرے۔

(ب) ان اعلیٰ نصب العین کو عزیز رکھے اور ان کی تقلید کرے جو آزادی کی تحریک میں قوم کی رہنمائی کرتے رہے ہیں۔

(ج) بھارت کے اقتدارِ اعلیٰ، اتحاد اور سالمیت کو مستحکم بنیادوں پر استوار کر کے ان کا تحفّظ کرے۔

(د) ملک کی حفاظت کرے اور جب ضرورت پڑے قومی خدمت انجام دے۔

(ہ) مذہبی، لسانی اور علاقائی وطبقاتی تفرقات سے قطع نظر بھارت کے عوام الناس کے مابین یک جہتی اور عام بھائی چارے کے جذبے کو فروغ دے نیز ایسی حرکات سے باز رہے جن سے خواتین کے وقار کو ٹھیس پہنچتی ہو۔

(و) ملک کی ملی جلی ثقافت کی قدر کرے اور اُسے برقرار رکھے۔

(ز) قدرتی ماحول کو جس میں جنگلات، جھیلیں، دریا اور جنگلی جانور شامل ہیں محفوظ رکھے اور بہتر بنائے اور جانداروں کے تئیں محبت وشفقت کا جذبہ رکھے۔

(ح) دانشورانہ رویے سے کام لے کر انسان دوستی اور تحقیقی واصلاحی شعور کو فروغ دے۔

(ط) قومی جائداد کا تحفظ کرے اور تشدد سے گریز کرے۔

(ی) تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کی بہتر کارکردگی کے لیے کوشاں رہے تاکہ قوم متواتر ترقی وکامیابی کی منازل طے کرنے میں سرگرمِ عمل رہے۔

(ک) اگر ماں باپ یا ولی ہے، چھے سال سے چودہ سال تک کی عمر کے اپنے بچے یا وارڈ، جیسی بھی صورت ہو، کے لیے تعلیم کے مواقع فراہم کرے۔

سرکاری فیصلہ نمبر : ابھیاس-۲۱۱۶/ (پر۔نمبر ۴۳/۱۶) ایس ڈی-۴ مؤرّخہ ۲۵/اپریل ۲۰۱۶ء
کے مطابق قائم کردہ رابطہ کار کمیٹی کی ۲۹/دسمبر ۲۰۱۷ء کو منعقدہ نشست میں اس کتاب کو
تعلیمی سال ۱۹-۲۰۱۸ء سے درسی کتاب کے طور پر منظوری دی گئی۔

# تاریخ اور سیاسیات

## دسویں جماعت

مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ۔

3KJ385

اپنے اسمارٹ فون میں انسٹال کردہ Diksha App کے توسط سے درسی کتاب کے پہلے صفحے پر درج Q.R. code اسکین کرنے سے ڈیجیٹل درسی کتاب اور ہر سبق میں درج Q.R. code کے ذریعے متعلقہ سبق کی درس و تدریس کے لیے مفید سمعی و بصری وسائل دستیاب ہوں گے۔

پہلا ایڈیشن : 2018

دوسرا اصلاح شدہ ایڈیشن :
اکتوبر 2020

© مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ-۴۱۱۰۰۴

اس کتاب کے جملہ حقوق مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ کے حق میں محفوظ ہیں۔ کتاب کا کوئی بھی حصہ ڈائرکٹر، مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و ابھیاس کرم سنشودھن منڈل کی تحریری اجازت کے بغیر شائع نہیں کیا جاسکتا۔

**مضمون تاریخ کمیٹی :**

- ڈاکٹر سدانند مورے، صدر
- شری موہن شیٹے، رکن
- شری پانڈورنگ بلکوڑے، رکن
- شری باپو صاحب شندے، رکن
- شری بال کرشن چوپڑے، رکن
- شری پرشانت سرؤڈکر، رکن
- شری موگل جادھو، رکن-سکریٹری

**مضمون سیاسیات کمیٹی :**

- ڈاکٹر شری کانت پرانجپے، صدر
- پروفیسر سادھنا کلکرنی، رکن
- ڈاکٹر موہن کاشیکر، رکن
- شری وَیجناتھ کالے، رکن
- شری موگل جادھو، رکن-سکریٹری

**مصنفین :**

- ڈاکٹر گنیش راؤت
- ڈاکٹر وَ نبھوی پَل سُلے

**مضمون تاریخ اور شہریت کی مجلسِ عاملہ :**

- شری راہل پربھو
- شری سنجے وزریکر
- شری سبھاش راٹھوڑ
- شریمتی سنیتا دلوی
- ڈاکٹر شیوانی لمیے
- شری بھاؤ صاحب اُماٹے
- ڈاکٹر ناگناتھ ایولے
- شری سدانند ڈونگرے
- شری رویندر پاٹل
- شری وِکرم اڑسول
- شریمتی روپالی گرکر
- ڈاکٹر میناکشی اُپادھیائے
- شریمتی کانچن کیتکر
- شریمتی شیوکنیا پٹوے
- ڈاکٹر انیل سنگارے
- ڈاکٹر راؤ صاحب شیلکے
- شری مریاچندن شیوے
- شری سنتوش شندے
- ڈاکٹر ستیش چاپلے
- شری وِشال کلکرنی
- شری شیکھر پاٹل
- شری سنجے مہتا
- شری رام داس ٹھاکر
- اجیت آپٹے
- ڈاکٹر موہن کھڑسے
- شریمتی شیوکنیا کدریکر
- شری گوتم ڈانگے
- ڈاکٹر وینکٹیش کھرات
- شری رویندر جندے
- ڈاکٹر پربھاکر لونڈھے

**مترجمین :**

- ڈاکٹر غلام نبی مومن
- جناب خان حسنین عاقب خان محمد شہباز
- جناب وجاہت عبدالستار

**رابطہ کار مراٹھی :**

شری موگل جادھو، اسپیشل آفیسر، تاریخ وشہریت
شریمتی ورشا سرودے، اسسٹنٹ اسپیشل آفیسر، تاریخ وشہریت
بال بھارتی، پونہ

**Co-ordinator (Urdu) :**
Khan Navedul Haque Inamul Haque,
Special Officer for Urdu,
M.S. Bureau of Textbooks, Balbharati

**Urdu D.T.P. & Layout :**
Asif Nisar Sayyed,Yusra Graphics,
305, Somwar Peth, Pune-11.

**Cover & Designing :**
Shri Muqueem Shaikh

**Cartographer :**
Shri Ravikiran Jadhav

**Production :**
Shri Sachchitanand Aphale,
Chief Production Officer
Shri Prabhakar Parab,
Production Officer
Shri Shashank Kanikdale,
Assistant Production Officer

**Paper :** 70 GSM Creamvowe

**Print Order :** N/PB/2021-22/Qty.- 15,000

**Printer :** M/s. Uchitha Graphics Printers Pvt. Ltd.,
Navi Mumbai

**Publisher :**
Shri Vivek Uttam Gosavi
Controller,
M.S. Bureau of Textbook Production,
Prabhadevi, Mumbai - 25

# بھارت کا آئین

## تمہید

**ہم بھارت کے عوام** متانت وسنجیدگی سے عزم کرتے ہیں کہ بھارت کو
ایک **مقتدر سماج وادی غیر مذہبی عوامی جمہوریہ** بنائیں
اور اس کے تمام شہریوں کے لیے حاصل کریں:
**انصاف**، سماجی، معاشی اور سیاسی؛
**آزادی** خیال، اظہار، عقیدہ، دین اور عبادت؛
**مساوات** بہ اعتبارِ حیثیت اور موقع،
اور ان سب میں
**اُخوّت** کو ترقی دیں جس سے فرد کی عظمت اور **قوم کے اتحاد اور سالمیت** کا تیقّن ہو؛
**اپنی آئین ساز اسمبلی میں آج چھبیس نومبر ۱۹۴۹ء کو یہ آئین ذریعۂ ہٰذا اختیار کرتے ہیں،
وضع کرتے ہیں اور اپنے آپ پر نافذ کرتے ہیں۔**

## راشٹر گیت

جَنَ گَنَ مَنَ - اَدِھ نایک جَیَہ ہے
بھارَت - بھاگیہ وِدھاتا۔

پنجاب، سِندُھ، گُجرات، مَراٹھا،
دراوِڑ، اُتکل، بنگ،

وِندھیہ، ہماچل، یمُنا، گنگا،
اُچّھل جَل دِھ تَرنگ،

توَ شُبھ نامے جاگے، توَ شُبھ آشِس ماگے،
گاہے توَ جَیَہ گاتھا،

جَنَ گَنَ منگل دایک جَیَہ ہے،
بھارَت - بھاگیہ وِدھاتا۔

جَیَہ ہے، جَیَہ ہے، جَیَہ ہے،
جَیَہ جَیَہ جَیَہ، جَیَہ ہے۔

## عہد

بھارت میرا ملک ہے۔ سب بھارتی میرے بھائی اور بہنیں ہیں۔

مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور مَیں اس کے عظیم و گوناگوں وِرثے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ مَیں ہمیشہ اِس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کروں گا۔

میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزّت کروں گا اور ہر ایک سے خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا۔

میں اپنے ملک اور اپنے لوگوں کے لیے خود کو وقف کرنے کی قسم کھاتا ہوں۔ اُن کی بہتری اور خوش حالی ہی میں میری خوشی ہے۔

# پیش لفظ


عزیز طلبہ!

آپ نے 'ماحول کا مطالعہ' کے تحت تیسری سے پانچویں جماعت میں 'تاریخ اور علمِ شہریت' کا مطالعہ کیا ہے۔ چھٹی جماعت سے تاریخ اور علمِ شہریت کو ایک آزادانہ مضمون کی حیثیت حاصل ہے۔ چھٹی جماعت سے ان دونوں مضامین کو ایک ہی درسی کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔ دسویں جماعت کی کتاب آپ کے حوالے کرتے ہوئے ہمیں مسرت ہو رہی ہے۔

درسی کتاب کی تشکیل میں مضمون کی موزوں تفہیم اور پُر مسرت آموزش کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ درسی کتاب کے مطالعے سے علم کے ساتھ ساتھ مسرت بھی حاصل کریں جس کے لیے کتاب میں رنگین تصاویر شامل کی گئی ہیں۔ درسی کتاب کے ہر سبق کو غور سے پڑھا جائے۔ اس کا جو حصہ آپ کے لیے مشکل ہو اسے اپنے استاد اور سرپرستوں کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کریں۔ چوکونوں میں دیا ہوا مواد آپ کے علم میں اضافہ ہی کرے گا۔ اگر آپ مضمون تاریخ کو مسرت بخش اور اپنا دوست سمجھتے ہوئے کتاب کا مطالعہ کریں گے تو یقیناً آپ اسے پسند کرنے لگیں گے۔

تاریخ کے حصے میں 'اطلاقی تاریخ' دی ہوئی ہے۔ تاریخ ایک پُرتجسّس مضمون اور بہت سوں کو مشغلے کے طور پر پسند ہوتا ہے لیکن اسکولی نصاب میں اس کی قرارِ واقعی ضرورت پر توجہ دی جائے تو طلبہ کو اپنی زندگی میں کون سے مواقع دستیاب ہو سکتے ہیں اور اپنے اختیار کردہ پیشے میں انھیں اس مضمون کا کوئی خاص فائدہ حاصل ہوگا یا نہیں، اس کے بارے میں شکوک پیدا ہوتے ہیں۔ ضروری معلومات نہ ہونے کی وجہ سے ان شکوک کو دور کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس سے متعلق ضروری معلومات اس کتاب میں دی گئی ہے۔ روزمرہ زندگی کی کوئی بات ہو یا کوئی بھی پیشہ ہو، متعلقہ امور اور متعلقہ پیشوں اور شعبوں کے ارتقا کی اپنی تاریخ ہوتی ہے۔ اس کتاب میں وضاحت کی گئی ہے کہ اس تاریخ کے مطالعے کے ذریعے حاصل کردہ علم کا استعمال پیشہ ورانہ مہارت کے فروغ کے لیے کیا جا سکتا ہے۔

'سیاسیات' کے حصے میں 'بھارت کے دستور کی پیش رفت' سے متعلق معلومات دی ہوئی ہے۔ اس میں انتخابی عمل، قومی اور علاقائی سطح کی سیاسی پارٹیوں، ان کی کارکردگی، جمہوریت کو تقویت دینے والی سماجی و سیاسی تحریکوں کے علاوہ بھارتی جمہوریت کو درپیش چیلنجز کے بارے میں بحث کی گئی ہے۔ اس جماعت کے طلبہ جلد ہی رائے دہندہ یعنی ووٹر بننے والے ہیں۔ طلبہ کو اپنے اس نئے کردار کے قابل بنانے کی خاطر اس درسی کتاب کا مواد نہایت مفید ثابت ہوگا۔



(ڈاکٹر سنیل مگر)
**ڈائرکٹر**
مہاراشٹر راجیہ پاٹھیہ پستک نرمتی و
ابھیاس کرم سنشودھن منڈل، پونہ

پونہ۔
تاریخ : ۱۸/ مارچ ۲۰۱۸ء، گُڈی پاڑوا
بھارتیہ سَور : ۲۷/ پھالگن ۱۹۳۹

# – اساتذہ کے لیے –

تاریخ ایک پُرتجسّس مضمون اور بہت سوں کے لیے مشغلے کے طور پر پسند ہوتا ہے لیکن اسکولی نصاب میں اس کی قرار واقعی ضرورت پر توجہ دی جائے تو طلبہ کو اپنی زندگی میں کون سے مواقع دستیاب ہوسکتے ہیں اور اپنے اختیار کردہ پیشے میں انھیں اس مضمون کا کوئی خاص فائدہ حاصل ہوگا یا نہیں اس کے بارے میں بہت سے لوگوں کے دلوں میں شکوک پیدا ہوتے ہیں۔ضروری معلومات نہ ہونے کی وجہ سے ان شکوک کو دور کرنا مشکل ہوجاتا ہے۔لہٰذا اس سے متعلق ضروری معلومات اس کتاب میں دی ہوئی ہے۔

تاریخ کے مطالعے کا طریقہ اور تاریخ نویسی نیز تاریخ نویسی کی تاریخ کے بارے میں طلبہ کو اب تک کالج اور جامعاتی سطح پر ہی معلومات دی جاتی تھی۔اسکولی نصاب میں اسے شامل نہیں کیا گیا تھا۔اسی وجہ سے تاریخ کے سائنسی طریقے کے بارے میں طلبہ کے دل میں پیدا ہونے والے ابہام کے پیش نظر اس درسی کتاب میں تاریخ نویسی کے موضوع پر ابتدائی دو اسباق میں آسان طریقے سے مختصر معلومات دی ہوئی ہے۔اس کتاب کے ذریعے طلبہ کو وقتاً فوقتاً یہ بھی بتایا گیا ہے کہ تاریخ صرف مختلف حکومتوں اور ان کے مابین ہونے والی جنگوں نیز عظیم بہادروں کے کارناموں کے تذکروں تک ہی محدود نہیں ہوتی۔ اس کے باوجود ان امور سے آگے جاکر تاریخ کی اصل نوعیت اور زمانۂ حال سے تاریخ کے براہِ راست تعلق کی نوعیت کو سمجھنے کا موقع طلبہ کو فراہم نہیں ہوتا تھا۔اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے دسویں جماعت کے نصاب کی تشکیل کی گئی ہے۔اس کتاب کے اسباق کا خاکہ اسی مناسبت سے تیار کیا گیا ہے۔

دیکھا جائے تو روزمرہ زندگی سے تاریخ کا تعلق نہایت گہرا ہے۔اس بات کی وضاحت کرنے والی علم کی نئی شاخ 'اطلاقی تاریخ' یا 'تاریخ برائے عوام الناس' کئی دہائیوں سے ارتقا پذیر ہے۔غیرملکی جامعات میں اس مضمون کے نصاب دستیاب ہیں۔اس درسی کتاب میں اس نئے مضمون کی معلومات دینے کے علاوہ مختلف پیشوں میں معاوضے پر مبنی خدمات کے لیے تاریخ کے مطالعے کی ضرورت نیز تاریخ کے واقف کاروں کی کس طرح ضرورت ہوتی ہے، بتایا گیا ہے۔اس سے متعلق نصاب اور یہ نصاب جن اداروں میں دستیاب ہے ان اداروں کی معلومات بھی دی ہوئی ہے۔

اس کتاب میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ چاہے روزمرہ زندگی کی کوئی بات ہو یا کوئی پیشہ ہو، متعلقہ اُمور اور متعلقہ پیشوں اور شعبوں کے ارتقا کی اپنی تاریخ ہوتی ہے۔

کالج میں داخلے کی دہلیز پر کھڑے دسویں جماعت کے طلبہ کو ڈگری حاصل کرنے اور اپنی آئندہ زندگی میں ترقی کے لیے موافق پیشے کا انتخاب کرنے کی خاطر مناسب سمت کا تعین کس طرح کیا جائے، اس سے متعلق کئی سوال ہوتے ہیں۔خصوصی طور پر تاریخ کے مضمون میں مہارت حاصل کرنے کے خواہش مند طلبہ کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی کرنے والی کتابوں کا فقدان ہی ہے۔زیر مطالعہ کتاب کے ذریعے اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش کی گئی ہے جس کے لیے مفید معلومات کے ساتھ ساتھ پُرمسرت معلومات اور برمحل تصاویر بھی اس کتاب میں شامل کی گئی ہیں۔

اسکولی سطح پر شہریت اور سیاسیات کے نصاب میں سماجی - سیاسی ماحول کے تعارف سے لے کر بین الاقوامی تعلقات اور اپنے ملک میں سیاسی عمل کی نوعیت تک، ایک وسیع مواد شامل کیا گیا ہے۔اس مواد کے آموزشی مقاصد آپ تدریس کے دوران حاصل کریں گے ہی، اس کے علاوہ دسویں جماعت میں باہمی عمل صرف معلومات پر مبنی نہ ہوں بلکہ اسے روزمرہ واقعات سے جوڑا جائے۔

بھارتی جمہوریت کو یقیناً بہت سے چیلنجز درپیش ہیں لیکن جمہوریت کو مضبوط کرنے والی بہت سی روایات بھی قائم ہیں۔اس کا معروضی تجزیہ، بحث ومباحثہ اور بات چیت کے ذریعے کیا جاسکتا ہے۔طلبہ کے چھوٹے گروہ بنا کر انھیں اس کا موقع دیا جاسکتا ہے۔

درسی کتاب میں مواد کی پیشکش طلبہ میں کچھ نیا سیکھنے کی خواہش پیدا کرنے والی ہے۔اس میں کوئی شک نہیں کہ اس سلسلے میں اساتذہ اور سرپرست طلبہ کی بھرپور مدد کریں گے۔

# متوقع صلاحیتیں

| صلاحیتیں | اکائی | نمبرشمار |
|---|---|---|
| • تاریخ نویسی کی روایات کی وضاحت کرنا۔<br>• تاریخ نویسی کے ارتقا میں مختلف مغربی مفکرین کے اہم کردار کو سمجھنا۔<br>• بھارتی تاریخ کے مختلف ادوار کا تجزیاتی اور تقابلی مطالعہ کرنا۔<br>• بھارت اور پوری دنیا میں ہونے والی تاریخی تحقیقات کی معلومات حاصل کرنا۔<br>• تاریخ ایک سائنسی مطالعاتی مضمون ہے، یہ بتا پانا۔ | زمانۂ قدیم سے دورِ جدید تک کی تاریخ کا تجزیاتی مطالعہ | ۱۔ |
| • اطلاقی تاریخ کے تصور کو بیان کرنا۔<br>• زندگی اور مختلف مضامین میں تاریخ کے اطلاق کو سمجھنا اور اس پر عمل پیرا ہونا۔<br>• تاریخی واقعات کی عصری معنویت کو پہچاننا۔<br>• تاریخ نویسی کے مختلف رجحانات کی شناخت کرنا۔ | اطلاقی تاریخ | ۲۔ |
| • مختلف ذرائع ابلاغ اور تاریخ کے باہمی تعلق کو سمجھنا۔<br>• مختلف ذرائع ابلاغ کی معلومات کے ذریعے ٹھوس طریقے سے اپنے ذاتی تاریخی نقطۂ نظر کو پروان چڑھانا۔<br>• متعلقہ پیشوں کے ذیلی شعبوں کی معلومات حاصل کرنا۔ | ذرائع ابلاغ اور تاریخ | ۳۔ |
| • تفریحات کی اہمیت واضح کرنا۔<br>• تفریح کے ذرائع اور تاریخ کے مابین تعلقات کا تجزیہ کرنا۔<br>• تفریح کے ذرائع میں ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھنا۔ | تفریحی ذرائع اور تاریخ | ۴۔ |
| • مختلف بھارتی فنون کی معلومات بیان کرنا۔<br>• مختلف کھیلوں میں بھارتیوں کے کارناموں کے تئیں فخر محسوس کرنا اور ان سے تحریک پانا۔<br>• فن، کھیل وادب کے شعبوں کی مختلف اکائیوں کی معلومات بیان کرنا۔<br>• فنون اور کھیل وادب کی تاریخی افادیت بتانا۔ | فنون، کھیل وادب اور تاریخ | ۵۔ |
| • شعبۂ سیاحت میں تاریخ کے استعمال کو سمجھنا۔<br>• اپنے ملک میں سیاحتی مواقع بتا پانا۔<br>• سیاحت کے ذریعے لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہونے کے تعلق سے جاننا۔<br>• تاریخ اور سیاحت کے باہمی تعلق کو سمجھنا۔ | سیاحت اور تاریخ | ۶۔ |
| • تاریخ کے مطالعے میں عجائب گھر/ لائبریریوں کی اہمیت بتا پانا۔<br>• تاریخ کے مطالعے کے ذریعے معروضی تجزیے کا احساس بیدار کرنا۔<br>• تاریخ کا تعلق دیگر مطالعات سے جوڑنا۔ | تاریخ اور دیگر شعبے | ۷۔ |

# فہرست

## اطلاقی تاریخ


| نمبر شمار | سبق کا نام | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱۔ | تاریخ نویسی : مغربی روایت ............................ | ۱ |
| ۲۔ | تاریخ نویسی : بھارتی روایت ............................ | ۷ |
| ۳۔ | اطلاقی تاریخ ............................ | ۱۵ |
| ۴۔ | بھارتی فنونِ لطیفہ کی تاریخ ............................ | ۲۲ |
| ۵۔ | ذرائع ابلاغ اور تاریخ ............................ | ۳۲ |
| ۶۔ | تفریح کے ذرائع اور تاریخ ............................ | ۳۹ |
| ۷۔ | کھیل اور تاریخ ............................ | ۴۶ |
| ۸۔ | سیّاحت اور تاریخ ............................ | ۵۲ |
| ۹۔ | تاریخی ورثے کا تحفّظ ............................ | ۵۹ |